# شفق

از جناب میر اُفق صاحب کاظمی امروہوی

شام کو اقصائے مغرب میں نمایاں ہے شفق — یا ہے خوفِ شب سے رُوئے روزِ خلق افروز فق
کھنچ گئی بزمِ جہاں کے گرد اک رنگیں قنات — یا لباسِ علگوں پہنے ہوئے آتی ہے رات
لیلیٰ شب محمل سُرخ سے دکھاتی ہے ادا — یا عروسِ شام نے اوڑھی ہے اک رنگیں رِدا
لگ رہی ہے آگ دامن میں یہ برقِ طور سے — یا نظر آتا ہے آبِ بحرِ احمر دور سے
آتشِ لشکر ہے یا دھونی کسی درویش کی — یا رواں ہے نہر خونِ عاشقِ دلریش کی
لالہ زارِ عشق کی رنگ آفریں کیاری ہے یہ — یا نگارِ حسن کی اک احمریں ساری ہے یہ
منہلئے ارض پر اک وادیِ احمر ہے یہ — یا کسی صوفی منش کی گیرواچادر ہے یہ
قصرِ حمرائے اُفق کی چار دیواری ہے یہ — یا بساطِ ارض کی سنجافِ گلناری ہے یہ
آسماں نے یا چھپا رکھا ہے یہ زیرِ تُتُق — کرکے پامالِ جفائے ناروا خونِ اُفق

سرخیِ رنگِ شفق یک رازِ پنہانِ کسے است
زیرِ دامانِ فلک خونِ شہیدانِ کسے است